دھلی اور پٹنہ سے ایک ساتھ شائع ہونے والا اردو روزنامہ
Published Simultaneously from Delhi and Patna
Daily HAMARA SAMAJ Delhi
روزنامہ ہمارا سماج دھلی
दैनिक हमारा समाज दिल्ली
20, Issue: 17 www.hamarasamajdaily.com Saturday,03,October,2026(Rs.2.0

اجین کی قدیم مسجد کا جزوی حصہ منہدم کیا جانا انتہائی افسوسناک

نئی دہلی، 02 اکتوبر، پریس ریلیز، ہمارا سماج: شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے جمعہ سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ استقامت کے ساتھ دینی فرائض کو ادا کریں ،دین پہلے ہے اور دنیا بعد میں ہے اس کا عملی مظاہرہ کریں۔انہوں نے اجین کی تقریبا600 سالہ قدیم تاریخی مسجد کے ایک حصے کے انہدام پر شدید غم کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ یہ سب سیاسی کھیل ہے جو نفرت پر مبنی ہے اگر مدھیہ پردیش انتظامیہ چاہتی تو قدیم تاریخی مسجد کو بچا کر بھی روڈ میں توسیع کی جاسکتی تھی لیکن ایسا نہیں کیا گیا سیکیورٹی دستوں کے ساتھ بلڈوزر موقع پر پہنچ چکے تھے اگر مسجد کمیٹی کی انتظامیہ کے ساتھ گفت وشنید نہ ہوتی تو پوری مسجد کو شدید

نقصان پہنچ سکتا تھا۔مفتی مکرم احمد نے کہا ہم اس انہدامی کارروائی کی شدید مذمت کرتے ہیں اور مدھیہ پردیش حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ کمیٹی سے جو وعدے کیے گئے ہیں انہیں جلد از جلد پورا کیا جائے اور مسجد کے منہدم حصے کو دوبارہ بنانے کا وعدہ جلد از جلد پورا کیا جائے۔ مفتی مکرم نے کہا سنبھل میں تشدد کے معاملے میں غیر قانونی طور پر حراست میں لیے گئے مسلم نوجوان ملا افروز کو سپریم کورٹ نے قومی سلامتی ایکٹ سے بری کر دیا اور این ایس اے کو کالعدم کر کے یو پی حکومت پر جرمانہ عائد کر دیا مفتی مکرم احمد نے کہا کہ یہ انصاف کی جیت ہے اور ظلم کی شکست ہے اگر ہر مقدمے میں عدالت کا یہی رویہ ہو تو بہت اچھی بات ہے۔ مفتی مکرم نے غزہ کے معصوم بچوں اور بے گھر اور بے سہارا فلسطینیوں کو امدادی وراحتی سامان پہنچائے جانے کی اقوام متحدہ اور عالمی برادری سے اپیل کی۔غزہ ملبے کا ڈھیر ہے اور جو پناہ گزیں خیمے ہیں وہ ناقابل استعمال ہیں۔ سردی کا موسم قریب ہے صہیونی حملوں کو بند کرایا جائے اور حسب ضرورت راحتی وامدادی سامان مہیا کرایا جائے انہوں نے اسرائیلیوں کی مسجد اقصی میں مداخلت کی شدید مذمت کی۔

نئی دھلی، ھفتہ، 03 اکتوبر 2026
مطابق، 20 ربیع الثانی 1448ھ

اردو روزنامہ
قومی بھارت
سچ کے ساتھ
QAUMI BHARAT

اجین کی قدیم مسجد کا جزوی حصہ منہدم کیا جانا انتہائی افسوسناک

مسلم نوجوان پر عائد این ایس اے کالعدم ہونا انصاف کی جیت۔ غزہ میں بے سہارا فلسطینیوں کو امداد ملنی چاہیے

مفتی مکرم احمد نے کہا

"ہم اس انہدامی کارروائی کی شدید مذمت کرتے ہیں اور مدھیہ پردیش حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ کمیٹی سے جو وعدے کیے گئے ہیں انہیں جلد از جلد پورا کیا جائے اور مسجد کے منہدم حصے کو دوبارہ بنانے کا وعدہ جلد از جلد پورا کیا جائے"

نئی دہلی (قومی بھارت) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے جمعہ سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ استقامت کے ساتھ دینی فرائض کو ادا کریں، دین پہلے ہے اور دنیا بعد میں ہے اس کا عملی مظاہرہ کریں۔ انہوں نے اجین کی تقریبا 600 سالہ قدیم تاریخی مسجد کے ایک حصے کے انہدام پر شدید غم کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ یہ سب سیاسی کھیل ہے جو نفرت پر مبنی ہے اگر مدھیہ پردیش انتظامیہ چاہتی تو قدیم تاریخی مسجد کو بچا کر بھی روڈ میں توسیع کی جا سکتی تھی لیکن ایسا نہیں کیا گیا سیکیورٹی دستوں کے ساتھ بلڈوزر موقع پر پہنچ چکے تھے اگر مسجد کمیٹی کی انتظامیہ کے ساتھ گفت وشنید نہ ہوتی تو پوری مسجد کو شدید نقصان پہنچ سکتا تھا۔ مفتی مکرم احمد نے کہا ہم اس انہدامی کارروائی کی شدید مذمت کرتے ہیں اور مدھیہ پردیش حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ کمیٹی سے جو وعدے کیے گئے ہیں انہیں جلد از جلد پورا کیا جائے اور مسجد کے منہدم حصے کو دوبارہ بنانے کا وعدہ جلد از جلد پورا کیا جائے۔ مفتی مکرم نے کہا سنبھل میں تشدد کے معاملے میں غیر قانونی طور پر حراست میں لیے گئے مسلم نوجوان ملا افروز کو سپریم کورٹ نے قومی سلامتی ایکٹ سے بری کر دیا اور این ایس اے کو کالعدم کر کے یوپی حکومت پر جرمانہ عائد کر دیا مفتی مکرم احمد نے کہا کہ یہ انصاف کی جیت ہے اور ظلم کی شکست ہے اگر ہر مقدمے میں عدالت کا یہی رویہ ہو تو بہت اچھی بات ہے۔ مفتی مکرم نے غزہ کے معصوم بچوں اور بے گھر اور بے سہارا فلسطینیوں کو امدادی و راحتی سامان پہنچائے جانے کی اقوام متحدہ اور عالمی برادری سے اپیل کی۔ غزہ ملبے کا ڈھیر ہے اور جو پناہ گزیں خیمے ہیں وہ ناقابل استعمال ہیں۔ سردی کا موسم قریب ہے صہیونی حملوں کو بند کرایا جائے اور حسب ضرورت راحتی و امدادی سامان مہیا کرایا جائے۔

aturday, October 03, 2026, New Delhi, www.inquilab.com

انقلاب

THE INQUILAB

قوموں کی حیات ان کے تخیل پہ ہے موقوف (اقبالؔ)

ت:۵؍روپے، ۱۴؍صفحات، نئی دہلی، ہفتہ، ۳؍اکتوبر، ۲۰۲۶ء، ۲۰؍ربیع الثانی ۱۴۴۸ھ، جلد نمبر ۱۴، شمارہ ۲۲۲

ilab.com | epaper.inquilab.com

اجین کی قدیم مسجد کا جزوی حصہ منہدم کیا جانا انتہائی افسوسناک: مفتی مکرم

مفتی محمد مکرم

نئی دہلی (پریس ریلیز) شاہی امام مسجد فتح پوری مفتی محمد مکرم احمد نے جمعہ سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ استقامت کے ساتھ دینی فرائض کو ادا کریں، دین پہلے ہے اور دنیا بعد میں ہے، اس کا عملی مظاہرہ کریں۔ انہوں نے اجین کی تقریباً ۶۰۰؍سالہ قدیم تاریخی مسجد کے ایک حصے کے انہدام پر شدید غم کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ سب سیاسی کھیل ہے جو نفرت پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس انہدامی کارروائی کی شدید مذمت کرتے ہیں اور مدھیہ پردیش حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ مسجد کے منہدم حصے کو دوبارہ بنانے اور کمیٹی سے کئے گئے وعدے جلد از جلد پورا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سنبھل میں تشدد کے معاملے میں غیر قانونی طور پر حراست میں لیے گئے مسلم نوجوان ملا افروز کو سپریم کورٹ نے قومی سلامتی ایکٹ سے بری کردیا اور این ایس اے کو کالعدم کرکے یوپی حکومت پر جرمانہ عائد کردیا۔ یہ انصاف کی جیت ہے اور ظلم کی شکست ہے۔ اگر ہر مقدمے میں عدالت کا یہی رویہ ہو تو بہت اچھی بات ہے۔ مفتی مکرم نے غزہ کے معصوم بچوں اور بے گھر اور بے سہارا فلسطینیوں کو امدادی و راحتی سامان پہنچائے جانے کی اقوام متحدہ اور عالمی برادری سے اپیل کی۔ غزہ ملبے کا ڈھیر ہے اور جو پناہ گزیں خیمے ہیں، وہ ناقابل استعمال ہیں۔ سردی کا موسم قریب ہے، صہیونی حملوں کو بند کرایا جائے اور حسب ضرورت راحتی و امدادی سامان مہیا کرایا جائے۔ انہوں نے اسرائیلیوں کی مسجد اقصیٰ میں مداخلت کی شدید مذمت کی۔